آئی سی آرسی پریس ریلیز نمبر : ۱۴/

۱۲۲اکتوبر ۲۰۱۴

کانفرنس

پاکستان: انسانی خدمت بین الاقوامی قانون انسانیت اور اسلامی قانون کی روشنی میں

پ ر(اسلام آباد) انٹرنیشنل کمیٹی آف دی ریڈ کراس اور بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے اشتراک سے آج اسلام کے مقامی ہوٹل میں دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ کانفرنس میں انسانی خدمت کے اموراور درپیش چیلنجز کا بین الاقوامی قانون انسانیت اور اسلامی قانون کے تناظر میں جائزہ لینے کے لیئے مشرق وسطی، ایشیا اور یورپ سے نامور دانشور اور اسکالرز نے شرکت کی۔

انٹرنیشنل کمیٹی آف دی ریڈ کراس پاکستان کے سربراہ، ریٹوسٹاکر، نے کانفرنس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں جاری دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس ان کاوشوں کا تسلسل ہے جو آئی سی آرسی اور اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد باہمی اشتراک سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کانفرنس کا مقصد بین الاقوامی قانون انسانیت اور اسلام کے قانونِ جنگ کے بیچ پائی جانی والی یکسانیت کو نمایاں کیا جائے اور ان قوانین کی ترویج کو ممکن بنایا جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس دنیا میں غیر جانبدارانہ انسانی خدمت کے تصور کو اجاگر کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔

آئی سی آرسی نے ۲۰۰۴ میں بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے اشتراک سے اسلام آباد میں پہلی بین اقوامی کانفرنس کا نعقاد کیا جس میں دنیا بھر کے معروف دانشور اسکالرز اور ماہرین قانون نے بین الاقوامی قانون انسانیت اور اسلامی قانون کے بیچ پائی جانی والی مشترکات کو نمایاں کیا۔ یہ کانفرنس مشرق وسطی ایشیا اور یورپی مما لک میں ہونے والی کانفرنسز کا نقطہ آغاز ثابت ہوئی۔

مزید معلومات کے لیئے رابطہ:

یوری شیفرینکو +92 300 850 8138

پروگرام کی ویڈیو فوٹیج حاصل کرنے کے لیئے مذکورہ لنک پہ جائیں

www.icrcvideonewsroom.org

ویب سائٹ www.icrc.org

Follow the ICRC on facebook.com/icrc and twitter.com/icrc